Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ رمضان المبارک ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۷ جون ۱۹۱۸ء | جلد ۳۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استثناء خربوزہ و تربوز از محصول چنگی	۱ و ۲
۲	ترمیم تنخواہ سید فیض الحسن زیدی متعلق کرایہ مکان	۲
۳	رخصت رجسٹرار کتب خانہ	؍؍
۴	اضافہ مشاہرہ صاحب بخاری خاصہ	؍؍
۵	رخصت صدیق حسن صاحب اوورسیر	؍؍
۶	اندراج اسم ذریہ جرائم پیشہ	؍؍
۷	منسوخی رخصت بیگاہ پیشکار عدالت جج	؍؍
۸	رخصت صاحب اسپیشل مجسٹریٹ درجہ دوم	؍؍
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲ جون ۱۹۱۸ء

رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر منظور ہے - بغرض اجرائے احکام واپس ہو-

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرساند

جناب عالی

خربوزہ و تربوز پیداوار ریاست محصول چنگی سے مستثنے ہیں۔ بیرونجات کی
پیداوار قابل اخذ محصول چنگی ہے - اس بنا پر ریاست کی پیداوار بھی

پٹواری کی تصدیقی رقعہ کی ضرورت ہوتی ہو کہ یہ مال ضلع غیر کا نہیں ہے
اس بارہ میں صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سے استمزاج کیا گیا۔
صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ تربوز اور خربوزہ ابتداءً شاید کچھ ضلع
غیر سے آتے ہوں۔ مگر جب یہاں خوب کثرت ہو جاتی ہو تو پھر ضلع
غیر سے مال لانا اور باربرداری وغیرہ کا بار اٹھانا ایک دشوار امر ہے
اور اگر کوئی صورت ایسی پیش آ بھی جائے تو وہ اتفاقیہ ہوگی جس سے
بہت کم آمدنی محصول چنگی کو ہوگی۔ علاوہ ازیں پٹواری بھی آزندگان
مال کو بسا اوقات دستیاب نہیں ہو سکتے۔ چونکہ اکثر اوقات
پٹواریوں کو تحصیل وغیرہ میں جانا ہوتا ہی جو آزندگان مال کی پریشانی کا
باعث ہی۔ ایک خفیف رقم کے واسطے رعایا پر اس قسم کی کشاکشی کی قید
لگا دینا غیر مناسب ہے۔ میونسپل افسر صاحب لکھتے ہیں کہ خربوزہ اور تربوز
میوہ فصلی ہی۔ خفیف آمدنی محصول چنگی کے لحاظ سے خربزہ و تربوز محصول سے
مستثنے ہونے کے قابل ہیں۔ لہذا عرضداشت ہٰذا معہ کاغذات متعلقہ
بغرض صدور حکم منظوری اجلاس ہمایوں میں پیش کیجاتی ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۸ جون ۱۹۱۸ء

سید فیض الحسن زیدی کے خدمات گورنمنٹ انگریزی سے لیے گئے ہیں
اور آنکے تقرر کا روبکار ۲۰ جون ۱۹۱۸ء کو جاری ہو چکا ہے جسمیں
دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ اور بیس روپیہ ماہوار ہارس الاونس
اور دس روپیہ ماہوار کرایہ مکان دیا جانا مندرج ہے۔ صاحب
ایجنٹ بہادر کی جو تحریر آئی ہے اسمیں کرایہ مکان نہیں رکھا گیا ہے۔ لہذا
روبکار مجریہ ۲۰ جون ۱۹۱۸ء میں بمقدمہ ترمیم کیجاتی ہے کہ سید فیض الحسن زیدی کو
تنخواہ و ہارس الاونس بشرح مصدرہ ملیگا کرایہ مکان نہ دیا جائیگا۔

حسب الحکم

حسب صراحت بالا احکام ترمیمی جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۰ جون ۱۹۱۸ء

حسب استدعا صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رخصت یک ماہ مولوی
محمد نبی رجسٹرار کتب خانہ بغرض روانگی نینی تال ۷ جون ۱۹۱۸ء سے منظور فرمائی گئی

اضافہ

۱۲ جون ۱۹۱۸ء

حکیم سید محمد الیاس صاحب منصرم پٹاری خاصہ کی تنخواہ موجودہ میں بیس روپیہ
ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۶ جون ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ اخبار مزید رخصت یکماہ صدیق حسن سب ادیٹر
بوجہ علالت بانتظام سابقہ بعوض منظور ہوئی۔

اندراج اسم

۱۰ جون ۱۹۱۸ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بربنا رپورٹ کورٹ انسپکٹر صاحب مسمی شادی
عرف لوری عرف گوگل عرف نرائن لدنرائن عرف بلدیو عرف لورا عرف کندن نام
ڈلیرہ باشندہ موضع کوپ گنج شاہ آباد منتخب شدہ فہرست جرائم پیشہ کا نام بمشاء دفعہ ۲ قانون
جرائم پیشہ درج گزٹ کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منسوخی رخصت

۱۱ جون ۱۹۱۸ء

حسب تصدیق صاحب سشن جج بہادر بقیہ رخصت یکماہ منجملہ رخصت مصلہ دو ماہ منشی فیاض علی [illegible]
عدالت بھی منسوخ ہوئی اور تاریخ حاضری سے الاونس ایلڈ کا موقوف کیا گیا۔

۹ جون ۱۹۱۸ء

حسب تصدیق صاحب مجسٹریٹ ضلع سید اعجاز علی صاحب اسپشل مجسٹریٹ درجہ دوم کی مزید رخصت
۱۳ جون سنہ حال سے بوضع تنخواہ منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۶ جون سنہ ۱۹۱۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰ مار	۸ مار	۷۰ مار	۷ مار	۷۰ مار	۷ مار	
نخود خالص	۹ مار	۹ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۹۰ مار	۹۰ مار	
نخود کشتہ آمیز	۹۰ مار	۱۰ مار	۱۲ مار	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۰۰ مار	
کرشہ	۱۱۰ مار	۰	۱۲ مار	۱۳ مار	۱۱۰ مار	۱۱ مار	
ماش	۷ مار	۷۰ مار	۷۰ مار	۰	۷۰ مار	۷ مار	
مونگ	۷۰ مار	۷۰ مار	۷۰ مار	۰	۷۰ مار	۷ مار	
مکا	۱۳۰ مار	۰	۱۵ مار	۱۴ مار	۱۳۰ مار	۰	
چینہ	۱۳ مار	۰	۱۰۰ مار	۱۳ مار	۱۱۰ مار	۱۱ مار	
گوجئی	۰	۰	۱۲۰ مار	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۳ مار	
عدس	۹۰ مار	۹۰ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۱۰۰ مار	۸ مار	
ارہر	۱۲ مار	۱۱ مار	۱۴ مار	۱۵ مار	۱۴ مار	۱۲ مار	
برنج	۶ مار	۶ مار	۶ مار	۶ مار	۵۰ مار	۶ مار	
روغن زرد	-۲۱۱ مار	۰ مار	۰۱ مار	۰ مار	۰۱۱ مار	-۲۱۱ مار	
روغن سیاہ	۱۰۱ مار	۱۰ مار	۲ مار	۱۰۱ مار	۲ مار	۱۰ مار	
روغن کنجد	۱۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱۰ مار	۱ مار	
نمک سانبھر	۱۱۰ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	۷ مار	۱۱ مار	۱۰ مار	
نمک لاہوری	۷ مار	۰	۶۰ مار	۵ مار	۸ مار	۹ مار	
قند سیاہ	۷ مار	۷ مار	۸ مار	۹ مار	۸ مار	۱۰ مار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۱۰۰ مار	۰	